ہیوسٹن محکمہ برائے
صحت و انسانی خدمات

ہیوسٹن

(کھانا پکانے کی ترکیبیں)
ہنگامی مستعدی کی کُک بُک

اپ کی ہنگامی غذا کی فراہمی کو زندگی بچانے والے پکوانوں میں
تبدیل کرنے کی ترکیبیں

ہیوسٹن محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات
دفتر برائے نگرانی و عوامی صحت کی مستعدی

دی ہیوسٹن
ہنگامی مستعدی کی کُک بُک
(کھانا پکانے کی ترکیبیں)

آپ کی ہنگامی غذا کی فراہمی کو زندگی بچانے والے پکوانوں
میں تبدیل کرنے کی ترکیبیں

ہیوسٹن محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات
اسٹیفین ایل۔ ولیئمس، ایم ایڈ، ایم پی اے، ڈائریکٹر
دفتر برائے نگرانی و عوامی صحت کی مستعدی
رؤوف عرفات، ایم ڈی، ایم پی ایچ، معاون ڈائریکٹر

کریڈٹس:
نورما ایتھرٹن، ایم ایس، ایڈیٹر
مارگریٹ ریبر، اداراتی معاون
اولالیڈ کوکر، ایم پی ایچ، گرافکس

ہیوسٹن کا محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات
دفتر برائے نگرانی و عوامی صحت کی مستعدی

منظوری اور دست برداری

اس اشاعت کے لیے فنڈنگ کو ٹیکساس محکمہ برائے ریاستی صحت خدمات (ڈی ایس ایچ ایس) کی طرف سے مرکز برائے انسداد بیماری اور روک تھام (سی ڈی سی)، عوامی صحت ایمرجنسی مستعدی (پی ایچ ای پی) کے تعاون پر مبنی معاہدے کے ذریعہ ممکن بنایا گیا۔
اشاعت کے اظہار خیالات اور مذکور تجارتی ناموں سے ڈی ایس ایچ ایس یا سی ڈی سی کی سرکاری پالیسیوں کی عکاسی ضروری نہیں ہے۔ کاروباری پیشے، یا تنظیمیں امریکی حکومت کے ذریعہ تصدیق شدہ ہیں۔

دی ہیوسٹن
ہنگامی مستعدی کی کُک بُک

آپ کی ہنگامی غذا کی فراہمی کو زندگی بچانے والے پکوانوں میں تبدیل کرنے کی ترکیبیں

پیش لفظ

قدرتی آفات کی صورت حال میں، بسا اوقات ہم سوچتے ہیں کہ ہم کیا کھائیں گے یا ہم اپنے خاندان کو کس طرح کھلائیں گے۔ پکوان کی ترکیبوں والی یہ کتاب، صحت مند، لذیذ، فوری تیاری والے اور محفوظ اچھے کھانوں کے انتخاب میں آپ کی رہنما ہے۔ پکوان کی کی ترکیب والی اس کتاب کے اکثر اجزاء، تازہ پھلوں اور سبزیوں کےاستثنٰی کے ساتھ، ڈبہ بند، بکسے اور بوتلوں میں آنے والی جلد خراب نہ ہونے والی اشیاء پر مشتمل ہیں۔ پھلوں اور سبزیوں کو چند دنوں تک ریفریجریشن کے بغیر رکھا جا سکتا ہے۔

اس کُک بُک (پکوان کی ترکیبوں والی کتاب) میں موجود کھانا پکانے کی ترکبیں ہیوسٹن اور اطراف کے باشندوں کی جانب سے ہیں۔ اس کُک بُک کو ہیوسٹن کے محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات، دفتر برائے نگرانی و عوامی صحت کی مستعدی کے ذریعہ تیارکیا گیا ہے۔ ان ترکیبوں کو خراب نہ ہونے والے غذائی اجزاء، دستیاب تازہ پھلوں اور سبزیوں اور دستی آلات کے استعمال سے تیارکیا جا سکتا ہے۔

پکوانوں کی اس کتاب کو آپ کے لیے فوری اور قوت بخش غذا کے اختیارات پیش کرنے کے لیے ترتیب دی گئی ہے جب آپ کو بجلی دستیاب نہ ہو۔ ہمیں اُمید ہے کہ آپ ان ترکیبوں سے لطف اٹھائیں گے۔ ہم آپ کو اس بات کا مشورہ دیتے ہیں کہ آپ ان میں سے چند ترکیبوں کو آزماکر اپنے خاندان کی پسندیدہ ترکیبوں کا پتہ لگائیں۔

مشمولات کی فہرست

ہنگامی صورت حال کے لیے تیاریاں	5
کسی ہنگامی صور حال کے دوران پکوان	10
ناش	15
اسنیکس، ڈِپس اور ساس	18
سوپس اور سینڈویچس	23
ضروری پکوان	32
ویجیز، سائیڈس اور سلاڈس	50
میٹھا	68
ہنگامی صورتوں کے لیے حفاظتی مشورے	71
اجزاء کے متبادلات	76
فہرست	78

❄ یہ علامت اس قسم کی ترکیبوں کی نشاندہی کرتی ہے، جن کے لیے گرمی کے وسیلہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ہنگامی صورت حال کے لیے تیاریاں

حالیہ برسوں میں، طوفان اور شدید موسمی کیفیات متواتر واقع ہوتی رہی ہیں۔ ماہرین موسمیات اس سلسلہ میں پُر یقین ہیں کہ موسمی تبدیلیوں کے نتیجہ میں زیادہ متواتر اور شدید گرمی کی لہریں پیدا ہوں گی اور شدید موسمی واقعات رونما ہوں گے۔ ان تبدیلیوں کے مختلف طریقوں سے انسانی زندگی پر اثر انداز ہونے کا امکان ہے، جن میں سے بعض شدید ہوں گی۔

عوامی سہولیات (پانی، گیس، الیکٹرسٹی یا ٹیلیفون) کے موقوف ہوجانے پر آپ کیا کریں گے؟ قدرتی آفات کے بعد مقامی افسران اور راحت کاری کے کارکنان منظر نامہ پر آ ئیں گے، لیکن ان کے آپ تک پہنچنے میں کئی دن لگ سکتے ہیں۔ آپ خود اپنی اور اپنے خاندان کی سلامتی سے متعلق منصوبہ بندی کرنے کی بہترین حالت میں ہیں۔ کسی ہنگامی صورت حال میں اپنے آپ کو اور اپنےخاندان کے تحفظ کے لیے اس ہدایت نامہ کا استعمال کریں۔

کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کی پیشگی تیاریوں کے **چار** مراحل ہیں:

ایک منصوبہ تیار کریں ⟵ ایک کِٹ تیار کریں ⟵ باخبر رہیں ⟵ اپنے پڑسیوں کے بارے میں جانیں۔

 # 1 منصوبہ تیار کریں

قدرتی آفات سے متعلق ایک منصوبہ ترتیب دیں کہ کسی ہنگامی حالات کی صورت میں آپ اور آپ کی خاندان کیا کریں گے۔

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے خاندان کا ہر ایک شخص اس بات سے واقف ہو کہ ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح ربط رکھا جائے۔ اپنے فون کے قریب اور اپنی ایمرجنسی کِٹ میں اہم فون نمبرات کی ایک فہرست رکھیں۔ ایسا کرنے سے، اگر بجلی چلی جاتی ہے یا سیل فون کا نیٹ ورک اوور لوڈیڈ ہو جاتا ہے تو علاقہ سے باہر رابطہ کرنا زیادہ آسان رہے گا۔

- اگر آپ بالکل رابطہ نہ کر سکیں، تو کوئی ایسی جگہ متعین کریں جہاں پر تمام لوگ جانے کے لیے راضی ہوں۔ مقامی طور پر واقع ہونے والی ہنگامی صورت کے لیے اپنے گھر سے قریب کوئی جگہ منتخب کریں، اور "انخلائی ملاقات کے مقام" کے طور پر علاقہ سے باہرمزید ایک جگہ منتخب کریں۔
- اگر خاندان کے کسی فرد کو جسمانی معذروی ہو یا طبی مسائل پائے جاتے ہوں تو اپنے منصوبہ میں ان سے متعلق وضاحت درج کریں۔ دوا ومعالجہ، طبی آلات، نسخہ جات، بیمہ کی معلومات اور ڈاکٹروں وغیرہ سے متعلق معلومات اس میں شامل کریں۔
- اپنے خاندان کے ذریعہ آفات سےنمٹنے کے منصوبہ کی تیاری کے دوران، آپ کو خاندان کے ہر ایک فرد کے لیے اہم رابطہ کی معلومات کو جمع کرنا اور ان کی نقول تیار کرنی ہوگی۔
- اپنے ہنگامی منصوبہ کو اپنی زندگی سے وابستہ افراد بشمول کام کی جگہ، ڈے کیئر، اسکول اور دیگر خاندانوں کے ساتھ مربوط رکھیں۔
- راستہ میں رکاوٹ پیدا ہونے یا اس کے ناقابل گزر ہونے کی صورت میں باہر نکلنے کے راستوں، بچ نکلنے کے راستوں، اور متبادل راستوں کو پہچانیں۔

 # 2 ایک کِٹ تیار کریں

اپنا منصوبہ تیار کرنے کے بعد، کِٹ کی تیاری شروع کریں۔ اپنے گھرمیں اپنے طور پر زندہ رہنے کے لیے، یا پناہ گاہ میں کم از کم پانچ سے سات دنوں کے لیے درکار معقول مقدار میں غذا اور پانی کی فراہمی برقرار رکھیں۔ اس کے بعد اپنی روزمرّہ کے استعمال کی چیزوں کی ایک فہرست تیار کریں۔ ایک ہی بار میں تمام چیزوں کو خریدنے کے تعلق سے پریشان نہ ہوں۔ اس کے بجائے، ہر بار دوکان پر جانے پر کچھ چیزیں زائد مقدار میں خریدتے رہیں۔ غذائی اجناس کو اپنی ضرورت سے پہلے اور اس میں کمی واقع ہونے سے پہلے خریدیں۔ قدرتی آفات کے بعد، گروسری اسٹور (پنساری کی دکان) کی اشیاء بہت جلد ختم ہو جاتی ہیں۔ اشیاء کی ضرورت پڑنے سے پہلے اس کی خریداری کرتے ہوئے اپنی تیاریوں کا آغاز کریں۔

غذائی فراہمی

اپنے اسٹور روم کو ڈبہ بند، بکس بند، اور بوتل بند غذاؤں، خشک مسالوں یا آمیزش اور دیگر اجناس سے بھرپور رکھیں جنھیں ریفریجریشن کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ایسی غذائی اجناس منتخب کریں جنھیں آپ اور آپ کا خاندان کھاتا ہے اور پسند کرتا ہے۔ ایسی چیزوں سے پرہیز کریں جن کے لیے خصوصی تیاریوں، پکانے کے طویل وقت، یا کئی اقسام کے اجزاء یا بہت زیادہ مقدار میں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ غذائی اجناس ک اختتامی تاریخ کی وقتاً فوقتاً جانچ کرتے رہیں، اور اپنے اسٹور روم میں موجود اشیاء کو یکے بعد دیگرےاستعمال کریں اور ان کی جگہ پر نئی اشیاء رکھنا جاری رکھیں۔

اگر آپ ہنگامی صورتوں سے نمٹنے کی تیاریوں کے لیے اپنے اہل خانہ کے واسطے خریداری کو ایک ہی مرتبہ کرنے کی کوشش کریں تو یہ آپ پر گراں گزرسکتا ہے۔ اس کام کو ایک وقت پر ایک مرحلہ کے بطور انجام دیں۔ ہفتہ میں ایک رات کو مستعدی (تیاریوں) کی رات بنائیں، اور اس کُک بُک میں موجود اپنے اہل خانہ کی کسی ایک پسندیدہ کھانے کی ترکیب کو آزمائیں۔ اپنا کھانا موم بتیوں یا لالٹین کی روشنی میں کھانے کے لئے پروسیں۔

ہنگامی غذائی اجناس کی فراہمیوں کو منتخب کرتے وقت درج ذیل چیزوں کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ ان میں سے کئی اشیاء آپ کے پاس پہلے سے موجود ہوسکتی ہیں:

- ✓ بریڈس
- ✓ بسکٹس
- ✓ خشک میوے
- ✓ ڈبہ بند جوس
- ✓ گری دار میوے اور بیج
- ✓ شیر خوار بچوں کی غذائیں
- ✓ انسٹنٹ (فوری تیار ہونے والی) پُڈنگس
- ✓ انسٹنٹ (فوری تیار ہونے والے) گرم اناج
- ✓ پروٹین یا پھلوں کے بار
- ✓ خشک اناج یا گرانیولا یعنی مختلف قسم کی چیزوں کے آمیزے پر مشتمل ہلکے ناشتے
- ✓ فوری تیار ہونے والا چاول یا نوڈلس
- ✓ فوری سوپ یا سوپ کے کیوبس

صحت سے متعلق مشورہ!
"سوڈیم کی کم مقدار" یا بغیر "نمک شامل" والی اشیاء، ڈبہ بند اور پیکیجڈ غذائی اشیاء اور 100 فیصد سالم اناج کی روٹیاں، بسکٹس اور زرعی اجناس وغیرہ کو خریدنے کی کوشش کریں۔

- ✓ تیل، سرکہ، یا مرتکز لیمو کا رس
- ✓ فوری مشروبات (کافی، کوکا، جوس)
- ✓ فوری کافی، کوکا، یا مشروبات
- ✓ ڈبہ بند سوپ، بوتل بند ساس
- ✓ پی نٹ بٹر یا دیگر مغز گری مکھن
- ✓ ڈبہ بند یا بکسہ بند یخنی
- ✓ بوتل بند سخت پنیر
- ✓ (پارمیسن یا رومانو)
- ✓ جلد خراب نہ ہونے والا جراثیم سے پاک دودھ
- ✓ (یا گری دار مغز کا دودھ) بکسوں یا ڈبہ بند
- ✓ تازہ پھل اور سبزیاں (وہ فریج میں رکھے بغیر کئی دنوں تک اچھی حالت میں رہتے ہیں)
- ✓ چھوٹی پیکیٹوں میں خوشبو دار مسالہ جات (سرسوں، میونیز، پسے ہوئے مسالہ جات، سویا ساس، یا اچار چٹخارہ)
- ✓ پروسیس کی گئی پنیر *(ڈبہ بند "ایزی چیز"، جار میں بند "چیز ویز"، یا "ویلویٹا" چیز کے ٹکڑے)*

مشورہ!!
ایسی غذائیں منتخب کریں جس کوآپ، ہنگامی صورتوں کے علاوہ موقع پر بھی کھائیں گے

دستی کین اوپنر اور ڈسپوزایبل کھانے کے برتنوں کو مت بھولیں!

ہنگامی فراہمی کِٹ (ٹھہرنے یا لے جانے کے لیے)

اپنی ہنگامی فراہمی کی تیاریوں کے لیے بہترین وقت ہنگامی صورت پیش آنے سے قبل کا وقت ہے۔

- فی شخص فی دن ایک گیلن پینے کا پانی
- جلد خراب نہ ہونے والی، کھانے کے لیے تیار ڈبہ بند کھانے کی اشیاء اور دستی کین اوپنر
- چھوٹا بنیادی فرسٹ ایڈ کِٹ (ابتدائی طبی امداد کا کِٹ)
- سیٹی
- دیا سلائیاں
- آگ بجھانے کا آلہ
- بڑی پلاسٹک کی تھیلیاں اور ڈکٹ ٹیپ
- آیوڈین کی گولیاں یا غیرخوشبودار بلیچ کا ایک چوتھائی گیلن

- (پانی کی عفونت روبائی کے لیے، صرف اس صورت میں کہ صحت کے اہلکاروں کی طرف سے ایسا کرنے کے لیے کہا گیا ہو) اور آئی ڈراپر (پانی میں بلیچ شامل کرنے کے لیے)
- فلیش لائٹیں، لالٹین اور بیٹریاں
- **نوٹ:** لائٹ ایمیٹنگ ڈایوڈ (ایل ای ڈی) فلیش لائٹس اور لالٹینیں روایتی بلبوں سے 10 گنا زیادہ وقت تک چلتی ہیں اور زیادہ روشنی دیتی ہیں۔
- بیٹری سے چلنے والے اے ایم/ایف ایم ریڈیو اور زائد بیٹریاں یا ونڈ-اَپ ریڈیو، جن کے لیے بیٹریوں کی ضرورت نہیں ہو تی۔
- حفظانِ صحت کی ذاتی اشیا: صابن، زنانہ حفظانِ صحت کی مصنوعات، دانتوں کا برش اور توتھ پیسٹ وغیرہ۔
- اپنے سیل فون کو اپنے پاس رکھیں اور اس کی بیٹری کو چارج رکھیں
- نگہداشت اطفال کی اشیاء اور دیگر خصوصی نگہداشت کی اشیاء
- پالتو جانوروں کے نگہداشت کی اشیاء اور غذائیں
- پیپر پلیٹس، کپس، دستی رومال اور پلاسٹک کے کھانے کے برتن اسٹاک رکھیں۔ اگر آپ کو پانی کی قلّت کا سامنا ہو تو، ان چیزوں سے زندگی آسان تر ہوگی۔
- اگر آپ گرل پر کھانا پکانے کا منصوبہ بناتے ہیں، تو مضبوط الومینیئم فوائل، فوائل کی بنی ہوئی پکانے کی ڈشیں، یا سیخ کا ذخیرہ رکھیں، اس سے آپ کو صفائی میں آسانی ہوگی۔

 # 3 باخبر رہیں

اپنے آپ کو مقامی سرکاری لیڈران اور میڈیا کی طرف سے جاری کی جانے والی معلومات سے باخبر رکھنے کو یقینی بنائیں۔ اگر ایمرجینسی الرٹ سسٹم کو فعّال کیا جئے توہنگامی پیغامات موصول کرنے کے لیے اس کو 740 AM یا 88.7 FM پر رکھیں۔ صرف ایک ہی ذریعہ پر منحصر نہ رہیں۔ معلومات کے متعدد ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے باخبر رہیں۔

دفتر برائے ایمرجنسی منیجمنٹ نوٹیفیکیشن:
http://www.houstonoem.net/go/mailinglist/4027/

 # 4 اپنے پڑوسیوں کو جانیں

ایسا نہ ہو کہ صرف قدرتی آفات کے موقع پر ہی کمیونٹیز آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ ملیں۔ اپنے پڑوسیوں کے ساتھ ابھی جان پہچان بڑھائیں، تاکہ قدرتی آفات کے آنے پر ایک دوسرے کی مدد کرنے کے لیے تیار رہ سکیں۔ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ آپ کے پڑوسی بھی ایسے حالات سے نمٹنے کے لئے مستعد (تیار) ہیں۔ ایک مستعد کمیونٹی سے زیادہ بہتر کوئی وسیلہ نہیں ہے!

ہنگامی حالات میں خاندان کی مستعدی سے متعلق مزید معلومات کے لیے، www.readyhoustontx.gov پر جائیں۔

کسی ہنگامی صورت حال کے دوران یکوان

قدرتی آفات کسی بھی وقت واقع ہو سکتی ہیں۔ بسا اوقات اس کے نتیجہ میں بجلی بھی غائب ہوسکتی ہے۔ ممکن ہے کہ آپ ایک یا اس سے زائد دنوں کے لئے بجلی کے بغیر رہیں۔

ہمارے جدید سماج میں، ہم بجلی پر بہت زیادہ منحصرہو گئے ہیں، اور اس کے بغیر رہنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس بجلی نہیں ہے تو آپ کارآمد برقی آلات، جیسے مائکرو ویوز، اسٹو، کین اوپنرز، بلینڈرز، کافی میکر یا فوڈ پروسیسر پر انحصار نہیں کر سکیں گے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ان اشیاء کی دستی مماثل جیسے دستی کین اوپنر، یا کافی پاٹ موجود ہیں۔

ماسوائے اس کے کہ آپ ایسے موقع پربغیر پکائی ہوئی غذا استعمال کرنے کا منصوبہ رکھتے ہوں، آپ کو اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لیے کھانا پکانے اور تیار کرنے کے متبادل طریقوں کا انتظام کرنا ہوگا۔ یہاں پر چند محفوظ دستیاب اختیارات موجود ہیں:

صحت سے متعلق مشورہ!
کوئلے پر پکاتے وقت سرطانی مادوں کے پیدا ہونے کو کم کرنے کے لیے غذا کو جلنے نہ دیں

اندورنی استعمال کے لیے موزوں:

- استرنو اسٹو
- چافنگ ڈِش
- گرمانے والی موم بتیاں
- فونڈیو پاٹ

صرف باہری استعمال کے لیے موزوں:

- کوئلے والی گرل
- پروپین گیس والی گرل یا برنر
- پروپین گیس والا کیمپنگ چولہا

گرل کرنا

اگر آپ اُن 75 فیصد گھرانوں میں سے ایک ہیں، جن کے پاس آؤٹ ڈور گرل موجود ہے، تو یوں سمجھیے کہ ُآپ کامیابی کی راہ پر ہیں۔ ایک گیس یا چارکول والی گرل، ایک ایسے وقت میں جبکہ بجلی موجود نہیں ہو، کئی امور انجام دے سکتی ہے۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس پروپین گیس کی مزید ایک ٹینک موجود ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئلے کی گرل موجود ہے تو آپ کے پاس کوئلے کی زائد فراہمی موجود ہونی چاہیے۔ ایک عام گیس کی گرل، جس کے ساتھ ایک بھرا ہوا پروپین گیس کا ٹینک موجود ہو، 30 تا 50 کھانوں کو یا کم از کم 10 دنوں تک دن میں تین بار کھانا پکانے کے لیے کافی ہوگا۔

کوئلے کی گرل میں چند فوائد پائے جاتے ہیں۔ سلگتا ہوا کوئلہ انگیٹھی کو بند کرنے کے بعد بھی کئی گھنٹوں تک گرم رہے گا۔ اس فائدے کو آپ کھانے کو زیادہ دیر تک گرم رکھنے یا اگلے کھانے کی تیاری کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

جس کھانے کو آپ بعد میں استعمال کرنا چاہتے ہیں، اس کو ایلومینیئم فوائل میں اچھی طرح رکھ کر اپنے کوئلے کی گرل کے قریب رکھ سکتے ہیں۔

گرل کے ڈھکن اورسوراخوں کو بند کریں۔ جب آپ گرل کو دوبارہ استعمال کرنا چاہیں تو مزید کوئلے ڈالیں اور ہوا کے سوراخوں کو کھول دیں۔

20 پاونڈ والا کوئلہ کا تھیلا 4 سے 6 مرتبہ پکانے کے لیے کافی ہوگا۔ اگر آپ ہنگامی صورتحال میں کوئلہ والی گرل کو استعمال کرنے کا منصوبہ بناتے ہیں، تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس 20 پاونڈ وزنی کوئلہ کے کم از کم دو تھیلے موجود ہوں۔

گرل پر پکانے کے لیے مشورے

- گرل پر پکانے کے لیے پیکیٹ تیار کرتے وقت استعمال کیا جانے والا بھاری ایلومینیئم فوائل اس قدر بڑا ہو کہ وہ آپ کے کھانے کے اجزاء کو اچھی طرح ڈھانپ لے۔ کھانے کے اجزاء کو فوائل کے درمیان رکھیں اورفوائل کو تہہ کریں۔ سروں کے اختتام پر دوہری تہہ کریں۔ اس کے بعد دوہرے تہہ کیے ہوئے کناروں کو مزید تہہ کریں تاکہ ایک مزید زیادہ کسا ہوا پیکیج تیار ہو جائے، جس سے گرمی کی گردش کے لیے کافی جگہ ہو۔

- اگر آپ کے پاس ایسا کرچھا یا برتن ہو جس پر پلاسٹک دستہ نہ ہو تو آپ اس کو راست طور پر گرل پر چڑھا سکتے ہیں۔ دستہ کو پکڑتے وقت ہاٹ پیڈز یا اوون کے دستانہ کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ چیزوں کو صرف گرم کر رہے ہیں تو کھانے کی دوسری اشیا کو پکاتے وقت برتنوں کو گرل کے اوپر رکھنے کی کوشش کریں۔ کئی نئے پروپین گیسوں کی گرلوں میں برتنوں کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے سائیڈ برنر پائے جاتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس سائیڈ برنر والی گیس کی گرل ہے تو سائیڈ برنر کو پانی اُبالنے یا سوپ والے برتن کو گرم کرنے کے لیے استعمال کریں۔ اس کے نتیجہ میں تمام بر نروں کوآن کرنے کے مقابلہ میں کم گیس استعمال ہوگی۔

- پلاسٹک کے اوون-پروف پکانے کے تھیلوں کو گرل کے اوپر استعمال کر سکتے ہیں یا ڈبہ بند کھانے کی اشیاء کو گرم کرنے کے لیے ابلتے ہوئے پانی میں ڈال سکتے ہیں۔

- اس کے نتیجہ میں دھونے کے لیے زیادہ برتن نہیں ہونگے اور پانی کو بعد میں دیگر تھیلوں کو پکانے کے لیے دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

گرل کو محفوظ طور پر استعمال کریں، تاکہ آپ کا گھر آپ کی زندگی میں دوسری آفت نہ بن جائے۔ محفوظ رہیں، محتاط رہیں، اور اچھی طرح کھائیں!

کیمپنگ چولہے اور اسٹرنو

اگر آپ کے پاس گرل موجود نہ ہو تو، آپ پروپین گیس والے کیمپنگ اسٹو میں اپنی رقم لگا سکتے ہیں۔ یہ زیادہ تر رعایت کے ساتھ یا کھیل کود کے سامان کی دکانوں سے، باآسانی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کیمپنگ چولہے گرلوں سے چھوٹے ہوتے ہیں، لیکن اسٹرنو سے زیادہ مؤثر ہوتے ہیں، یہ مختلف شکلوں میں آتے ہیں۔ ایک سادہ طرز کا کیمپنگ چولہا صرف ایک دھاتی بیس اور ایندھن کے کنٹینر پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ ان کو تیار شدہ ایندھن کی گولیوں یا قدرتی پیداوار (لکڑیاں، کوئلہ وغیرہ) کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کئی کیمپنگ چولہوں میں اب پروپین گیس، مائع ایندھن یا تھرمو الکٹریک جنریٹر بھی استعمال ہوتا ہے۔ اپنے چولہے کے ساتھ موجود ہدایات کو پڑھنا نہ بھولیں اور مناسب ایندھن استعمال کریں۔

سب سے چھوٹا اور کمترین قیمت والا گرمی کا ذریعہ اسٹرنو چولہا ہے۔ اگر آپ اسٹرنو چولہا استعمال کر رہے ہوں تو، اس بات کو یاد رکھیں کہ آپ کو گرل یا کیمپنگ چولہے کے مقابلہ میں بہت ہی کم گرمی موصول ہوگی۔ حالانکہ اسٹرنو چیزوں کو گرم کرنے میں ایک اچھی چیز ہے، یہ مائع کو اُبالنے میں زیادہ وقت لے سکتا ہے، اس لئے اسٹرنو کو ایسی اشیاء پکانے کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کریں جن کو زیادہ پکانے کی ضرورت نہ ہو۔

اکثر اسٹرنو کے ساتھ اس بات کی صراحت والا لیبل موجود ہوتا ہے کہ یہ کتنے وقت تک جلے گا، اور ان کے جلنے کے وقت کی حد 2 سے 6 گھنٹے یا زیادہ ہوگی۔ اگر آپ کی گرمی کا یہ بنیادی ذریعہ ہو تو اسٹرنو کےمتعدد کین کو رکھنے کی کوشش کریں۔

گرل پر پکانے کے لیے فوائل کے پیکیٹ کس طرح تیار کیے جائیں

ایک صاف سھترے مضبوط فوائل کے ساتھ آغاز کریں۔

اپنے کھانے کے اجزاء کو درمیان میں رکھیں۔

تھوڑا سا تیل ملائیں۔

اپنا پسندیدہ مسالہ شامل کریں۔

دونوں کناروں کو ایک ساتھ ملائیں۔

اوپری کناروں پر گرفت رکھنے کے لیے اس کو تہہ

کھانے کا پیکیٹ بنانے کے لئے تمام کناروں کو تہہ کریں۔

پورا پیکیٹ گرل پر رکھیں۔

ناشتہ

<u>پمپکن پائی اوٹمیل</u> (4 لوگوں کے لیے)
از عنبر الوارض

اجزاء:
4 انسٹنٹ اوٹ میل کے پیکیٹ (یا رول کردہ
اوٹس کے 4 ٹکڑے-پیکیج پر موجود ہدایات پر عمل کریں)
1 کپ ڈبہ بند کدو کی پیوری
2 گراہم کریکرز کی مکمل شیٹ
1 چائے کے چمچ بھر کدو پائی مسالہ (یا دار چینی،
درک، جائفل اور تمام مسالے)
2 بڑے چمچے شکر

ہدایات:
1. انسٹنٹ اوٹ میل کے دلیے یا رول کردہ اوٹس کو پیکیج کی ہدایات کے مطابق تیار کریں۔
2. کدو پیوری، کدو پائی مسالہ، اور شکر کو تیار کردہ اوٹ میل میں ملائیں۔
3. تیار شدہ اوٹ میل کے دلیےکو کو 4 پیالوں میں تقسیم کریں۔
4. ٹکڑے کیے ہوئے گراہم بسکٹس کو اوٹ میل کے دلیے کے اوپر سجائیں اور پیش کریں۔

اوٹ میل کڈز لَو (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ڈرگس* جج کا گولڈ اسٹار ایوارڈ یافتہ

اجزاء:

2 کپ پانی
1 کپ رول کردہ اوٹس
1/3 کپ خشک سیب، ٹکڑے کیا ہوا
1/3 کپ خشک کران بیری
3 بڑے چمچے بھوری شکر
1 چمچ دارچینی
1/4 چمچ نمک

ہدایات:

1. ایک درمیانے سائز کی کڑھائی میں نمکین پانی کو کسی اسٹرنو اسٹو یا دیگر گرمی کے وسیلہ پر ابالیں۔
2. اوٹس اور بقیہ اجزاء کوملاکر حل کریں۔
3. اسٹرنو کین کے ڈھکن 2/3 سے 3/4 تک کو کھول کر گرمی میں کافی حد تک کمی لائیں، اور اوٹ میل کو مطلوبہ گاڑھے پن تک پہنچنے کے لئے چھوڑ دیں۔

سویٹ براؤن رائس فلیکس (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ رابر

اجزاء:

2 کپ پیٹھے چاول (اول/پوہا)
1/2 بھوری شکر
1 کپ کدوکش کیا ہوا ناریل
1/2 چائے کا چمچ الائچی
1 چائے کا چمچ تل
1/4 چائے کا چمچ ادرک
1/4 کپ پانی
مٹھی بھر کاجومغز

ہدایات:

1. شکر پانی میں ڈالیں اور حل ہونے تک ہلائیں۔
2. دیگر تمام اجزاء شامل کریں اور اچھی طرح ملائیں۔
3. 20 منٹوں تک بیٹھنے اورمرطوب ہونے دیں۔
4. کیلے یا دیگر گری دار مغز کے ساتھ پیش کریں۔

اسنیکس، ڈِپس اور ساس

<u>بیسک حمص</u> (4 لوگوں کے لیے)
از مارگریٹ ریبر

اجزاء:
1 (16-اونس) کابلی چنا (حمص)
2 بڑے چمچے (یا زیادہ) کابلی چنے کے ڈبہ سےمائع
3 بڑے چمچے لیموں کا رس
1 1/2 بڑے چمچے پیسا ہوا تل
2 پوتھی لہسن کچلی ہوئی
½ چمچ موٹا نمک
2 بڑے چمچے زیتون کا تیل

ہدایات:
1. کابلی چنے کومائع سے الگ رکھیں اور مائع کو کنارے پر رکھیں۔
2. اگر موسل استعمال کررہے ہوں تو، پہلے مصری چنے، لہسن، اور نمک کو کچلیں اور اس کے بعد بقیہ اجزاء کو اس میں شامل کریں۔
3. اگر معیاری آلات استعمال کر رہے ہوں تو چنے کواس طرح ٹکڑے ٹکرے کریں کہ آپ اس کو ایک پیالی میں رکھ سکیں۔
4. نمک اور لہسن ملائیں اورکچھ حد تک نرم ہونے تک کانٹے کی مدد سے پھینٹ لیں۔
5. سوائے کابلی چنے کے مائع کے دیگر تمام اجزا ملائیں اور کانٹے کی مدد سےشدت سے ہلائیں۔
6. کابلی چنے کے مائع کو ایک ایک چمچ کرتے ہوئے مطلوبہ گاڑھا پن ہونے تک ملائیں۔
7. روٹی چپس یا سبزیوں کے ساتھ کھائیں۔ آپ اس بنیادی ترکیب میں اپنا کوئی بھی پسندیدہ مسالہ شامل کر سکتے ہیں۔

پینٹ بٹر فروٹ اسپریڈ (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ٹرگس

اجزاء:

1 کپ ملائی دار مونگ پھلی کا مکھن
1/4 کپ خشک خوبانی، ٹکڑے کی ہوئی
1/4 کپ خشک سنہری کشمش، ٹکڑے کی ہوئی
2 بڑے چمچے شہد

ہدایات:

1. مونگ پھلّی کے مکھن اور شہد کو ملائیں، خشک میوے اس میں ڈال دیں۔
2. آمیزش کو ایک کس کر بند کیے ہوئے کنٹینر میں ڈال کر کمرے کی حرارت پر چھوڑ دیں۔
3. پروسنے کے لیے: روٹی، مفین، بسکٹس یا گراہم کریکر پر پھیلائیں۔

بلیک بین اینڈ مینگو سلسا (4 لوگوں کے لیے)

از کائے ہیٹمین

اجزاء:

1 (15-اونس) کین سیاہ مونگ، دھو کر خشک کی ہوئی
1 (11-اونس) ڈبہ والی مکئی، سیاہ مرچ کے ساتھ، سکھائی ہوئی
1 (15-اونس) ڈبہ والے آم کے چوکور ٹکڑے
1/4 پیازپیسی ہوئی
1/4 کپ تیل اور سرکہ سلاد کی ڈریسنگ

ہدایات:

1. ایک درمیانی سائز کی پیالی میں، تمام اجزاء ملائیں اور انہیں اچھی طرح کوٹ کرنے کے لیے اسے اچھالیں۔
2. کریکرز یا ٹورٹیلا چپس کے ساتھ بھوک بڑھانے والے کھانے یا سائیڈ سلاد کے طور پرپیش کریں۔ آپ اسے مین ڈش سلاد میں تبدیل کرنے کے لیے ڈبہ والی ٹونا مچھلی، سام مچھلی یا مرغ اس میں ملاسکتے ہیں۔

آرٹی چوک ڈپ (4 لوگوں کے لیے)

از لنڈسے رسشیل

اجزاء:

1 (6-اونس) میرینیٹ کیا ہوا آرٹی چوک ہارٹس کا ڈبہ، پانی نچوڑا ہوا
1/4 کپ سن فلاور بیج
ٹباسکو، حسب ذائقہ
نمک، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. سن فلاور بیجوں کو 1 گھنٹے تک گرم پانی میں بھگوئیں۔ پانی سے باہر نکال کرالگ رکھیں۔
2. سن فلاور کے بیجوں کو اچھی طرح ٹکڑے کرنے کے لیے دستی چھرا یا گرائنڈر استعمال کریں۔ (اگر کوئی گرائنڈر یا دستی چھرا نہ ہو تو، ایک تیز چاقو استعمال کریں)۔
3. ٹباسکو کے ایک یا دوقطرے اور نمک حسب ذائقہ شامل کریں۔ اچھی طرح ملائیں۔

کوئک چیڈر چیز ساس (4 لوگوں کے لیے)

از نورما ایتھرٹن

اجزاء:

1 (1/2 10-اونس) ڈبہ بند کنڈینسڈ چیڈر چیز کا سوپ
1/4 تا 1/3 کپ تبخیرکردہ دودھ

ہدایات:

1. اجزاء کو ایک ساس پین میں ملائیں۔
2. گرم کریں اور ایک کونچی کی مدد سے ہلائیں۔
3. پکائی ہوئی مچھلی، گوشت، انڈا یا سبزیوں کے ساتھ پیش کریں۔

کوئک بیسک کریم ساس (4 لوگوں کے لیے)

از نورما ایتھرٹن

اجزاء:

1 کین (10 2/1-اونس) ڈبہ بند کریم آف سیلیری، مرغی، یا مشروم سوپ
1/3 تا 1/2 کپ تبخیر کردہ دودھ

ہدایات:

1. اجزاء کو ساس پین میں ملائیں۔
2. گرم کریں اور ایک کونچی کی مدد سے ہلائیں۔
3. پکائی ہوئی سبزیوں کے ساتھ پیش کریں۔

کوئک گولڈن مشروم ساس (4 لوگوں کے لیے)

از نورما ایتھرٹن

اجزاء:

1 کین (1/2 10-اونس) ڈبہ بند گولڈن مشروم سوپ
1/3 کپ پانی

ہدایات:

1. اجزاء کو ساس پین میں ملائیں۔
2. گرم کریں اور ایک کونچی کی مدد سے ہلائیں۔ نوڈلس کے ساتھ پیش کریں۔

بھنے ہوئے پاپ کارن (4 لوگوں کے لیے)

از کائے ہیٹمین

اجزاء:

1 بڑے چمچے کینولا تیل
1/4 کپ مکئی کے دانے
1/4 چمچ نمک

ہدایات:

1. پاپکارن اور تیل ملائیں اور ایک ڈیسپوزیبل، فوائل پائی یا بھوننے کی کڑھائی میں ڈالیں۔
2. فوائل سے ایک گنبد کی شکل بنائیں اور اس سے کڑھائی کو ڈھانک دیں۔
3. پین کو گہری گرم گرل پر رکھیں۔
4. مکئی کے دانوں کے کڑکنے کی آواز رکنے تک تقریباً 8 منٹوں تک وقتاً فوقتاً ہلاتے ہوئے پکائیں۔
5. نمک چھڑکیں اور کھانے کے لیے پیش کریں۔

سوپس اور سینڈویچس

ڈبل ڈیکر سالٹن-نیوٹیلا سینڈویچ

(6 لوگوں کے لیے)

از ورشا وکیل

اجزاء:

1 پیکیج غیر نمکین سالٹن کریکرز
1 کپ چیریز (بیج علیحدہ کی ہوئی)، پیسی ہوئی
1 کپ ٹکڑے کیا ہوا بادام
1 جار نیوٹیلا

ہدایات:

1. نیوٹیلا کوسالٹن کریکر کے ایک حصّہ پر لگائیں۔
2. نیوٹیلا میں ڈبوئے ہوئے کریکرز پر ٹکڑے کیے ہوئے بادام اور چیریز کو چھڑکیں؛ اس کے اوپر مزید ایک نیوٹیلا سے ڈھکا ہوا کریکر اوپرکی طرف کرتے ہوئے رکھیں اور اس کے اوپر بادام کے ٹکڑے اور کٹی چیریز ڈالیں۔
3. اس کو ایک سینڈویچ کی شکل دیتے ہوئے ایک نمکین نیوٹیلا کریکر (اوندھا) رکھتے ہوئےبند کریں۔
4. دوہری تہہ والے کریکر سینڈویچ کوآپس یں مضبوطی سے جوڑنے کے لیے اس کو آہستہ سے دبائیں۔
5. اس کو سرونگ ٹرے میں پیش کریں تمام عمر کے گروپوں کے لیے ایک ٹریٹ کا لطف اٹھائیں۔
6. نوٹ: نمکین کریکر کی درمیانی تہہ کو دونوں طرف نیوٹیلا سے بھرا جا سکتا ہے۔

ملائی دار جھینگا مچھلی رولس (4 لوگوں کے لیے)

ازمارگریٹ ریبر

اجزاء:

4 کین درمیانی جھینگا مچھلی
4 ہاٹ ڈاگ بنس
اجوائن کی 2 ڈالیاں، کی ہوئی
1 ہیڈ لیٹیوز، ٹکروں میں کاٹا گیا
1/2 کپ خشک ہری پیاز
1 بڑا چمچہ لیموں کا رس
1/2 کپ مایونیز (8 الگ الگ پیکیٹ)
نمک اور سیاہ مرچ

ہدایات:

1. ایک پیالی میں میئونیز، لیموں کا رس، نمک، سیاہ مرچ، اور خشک ہری پیاز ملائیں۔
2. جھینگا مچھلی اور اجوائن کی ڈالیاں شامل کریں اور آمیزش کے لیے حل کریں۔
3. ہاٹ ڈاگ بن کو کھول کر رکھیں اور جھینگا مچھلی کے آمیزے کو اس میں بھریں، اور لیٹیوز کو اس کے اوپر ڈالیں۔

بار بے کیو چکن سینڈویچ (4 لوگوں کے لیے)

ازمارگریٹ ریبر

اجزاء:

4 عدد (8-اونس) ڈبہ بند پکایا ہواچکن، نچوڑا ہوا
4 بیم برگر بنس
1/4 کپ میونیز (4 الگ الگ پیکیٹ)
1 کپ، گاجر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیے ہوئے
1/2 کپ باربیکیو ساس

ہدایات:

1. چکن، گاجر، اورباربیکیو ساس کوایک پیالی میں ملائیں۔
2. میئونیز کو بن پر پھیلائیں۔
4. اس کے اوپر چکن کا آمیزا ڈالیں۔ لیٹیوز یا حسب خواہش دیگرسبزیاں ڈالیں۔

ٹونا رول اَپس (6 کے لیے)

از کائے ہیٹمین

اجزاء:

1 عدد (15 انچ) گول ڈبل روٹی
1 عدد (12- اونس) ڈبہ بند ٹھوس سفید ٹونا مچھلی نچوڑی ہوئی
1 جار بھنی ہوئی لال مرچ، نچوڑی اور قتلے کی ہوئی
1/2 کپ چھیلی ہوئی پارمیسن چیز
3 بڑے چمچے سبز زیتون کٹی ہوئی
2 بڑے چمچے سرسوں (تقریباً 3-4 تا چار انفرادی پیکٹ)
1/2 کپ میؤنیز (8 انفرادی پیکیٹ)

ہدایات:

1. ایک چھوٹی پیالی میں ٹیونا، میونیز، زیتون یا کیپرز، سرسوں، اور پارمیسین چیز کو اچھی طرح ملائیں۔
2. ڈبل روٹی پر پھیلائیں۔
3. فلنگ کو بھرتے ہوئے گول ڈبل روٹی کو لپیٹیں۔ حسب خواہش، کناروں کو کاٹ دیں اور اس کے بعد رول کو 1انچ کے ٹکڑوں میں کاٹیں۔
5. فوراً کھانے کے لیے پیش کریں۔

بنانا کیشیو ریپ (4 لوگوں کے لیے)

از کیتھرین ہالے

اجزاء:

4 کیلے، قتلے کیے ہوئے
1/2 کپ کشمش
24 لیٹیوز پتے
1/2 کپ کاجو مکھن یا دیگر مغز کا مکھن

ہدایات:

1. لیٹیوز کے پتوں کو مغزکے مکھن کے ساتھ پھیلائیں اور اس کے اوپر کشمش اور کیلے کے قتلے رکھیں۔

لائٹ اسپام® سینڈویچ (4 لوگوں کے لیے)

از بریٹڈا تھورن

اجزاء:

1 پیکیٹ لنچیون لائٹ اسپام® گوشت
2 کپ لیٹیوز (اختیاری)
8 ڈبل روٹی کے ٹکڑے، کریکرز یا مفین (ترجیحی طور پرملٹی گرین)
2 ٹماٹر (اختیاری)

ہدایات:

1. لائٹ اسپام® لنچیون میٹ کو منسلک اوپنر سے کھولیں۔ (آپ اگر چاہیں تو معمول کا اسپام استعمال کر سکتے ہیں)۔
2. لنچیون میٹ (گوشت) کو اپنے پسند کی موٹائی میں کاٹیں۔ سلائس کی موٹائی پر سرونگ کی تعداد منحصر ہوگی۔
2. ٹماٹر کا ایک قتلا اور لیٹیوز، اگر موجود ہوتو ڈبل روٹی، کریکرز یا مفین پررکھیں۔

سادہ حمص سینڈویچ (4 لوگوں کے لیے)

از کیتھرین ہالے

اجزاء:

2 ڈبے کابلی چنے (حمص)
8 سلائس ڈبل روٹی
3 بڑے چمچے سرکہ
نمک اورسیاہ مرچ، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. کابلی چنے کو پیالی میں سرکہ کے ساتھ ٹکڑے ٹکڑے کریں۔
2. چمچہ کی مدد سے ڈبل روٹی پر ڈالیں اور سینڈ ویچ بنائیں، پسندیدہ سبزیاں اوپر ڈالیں۔

نٹر بٹر بنانا ریپ (4 لوگوں کے لیے)

از کائے ہیٹمین

اجزاء:

1 کپ کاجو مکھن یا دیگر مغز کے مکھن
4 سالم گیہوں والی ٹروٹیلا روٹیاں
1/2 کپ کشمش
2 عدد کیلے
2 بڑے چمچے شہد

ہدایات:

1. ایک پیالی میں مونگ پھلی کا مکھن اور شہد لیں اور ان کو اچھی طرح ملائیں۔
2. کشمش کو اس کے ساتھ ملائیں۔
3. ٹورٹیلا پرمونگ پھلی کا مکھن پھیلائیں۔
4. ہر ایک ٹورٹیلا کو 1/2 کیلے کے ساتھ لپیٹیں، اور اس کی لمبائی میں کاٹ لیں۔
5. ریپ کو آدھا کاٹ لیں۔ فوراً کھانے کے لیے پیش کریں۔

چکن ٹورٹیلا سوپ (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ ریبر

اجزاء:

1 عدد (15-اونس) سالم ڈبہ بند مکئی کا دلیا، نچوڑا ہوا
1عدد (15-اونس) بغیر نمک والا ڈبہ بند سیاہ بینس
1 عدد (10-اونس) ڈبہ والی قتلے کیا ہوا ٹماٹر، سبز مرچ کے ساتھ، نچوڑا ہوا
2 عدد (14.5-اونس) ڈبہ بند کم نمک والا چکن کا شوربا
1 عدد (10 اونس) ڈبہ بند چکن کے ٹکڑے۔

ہدایات:

1. سبزیوں اور چکن والےتمام ڈبے کھولیں۔ ساس پین میں انڈیلیں۔
2. کیمپ اسٹو، اسٹرنو، یا گرمی کے دیگر ذرائع کے استعمال سےسوپ کو تقریباً 10 منٹوں تک یا اچھی طرح گرم ہونے تک پکائیں۔

باٹ چکن بریٹوس (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ ریبر

اجزاء:

گاڑھا کیا ہوا بین سوپ 1 کین
2 عدد (4.5-اونس) ڈبہ بند چکن کو باہر نکالیں اور نچوڑیں
3 آٹے والی ٹورٹیلا روٹیاں
1/2 کپ سالسا
1 عدد پیاز باریک کاٹا ہوا
1 لہسن کی پوتھی
1 بڑے چمچے کینولا تیل

ہدایات:

1. تیل گرم کریں، پیاز اور لہسن کو ملائیں اور پیاز کےملائم ہونے تک پکائیں۔
2. سوپ، سالسا اور چکن کو کڑھائی میں ڈال کر ملائیں۔ چکن کا آمیزہ اچھی طرح گرم ہونے تک پکائیں۔
3. اس آمیزے کا پاؤ چمچہ ہر ایک ٹورٹیلا کے درمیان رکھیں۔ بریٹو کی طرح گول لپیٹیں اور لطف اٹھائیں۔

کوئک سیر سوپ (4 لوگوں کے لئے)

از چیرل ڈرگس

اجزاء:

2 (3/4 10-اونس) گاڑھا کیا ہوا جھینگا مچھلی کا سوپ
1 (15 اونس) کین نیوی بینس

ہدایات:

1. کین پر دی گئی ہدایات کے مطابق سوپ تیار کریں۔
2. دانے شامل کریں اوراسٹرنو چولہے یا حرارت کے کسی دیگر وسیلہ پراچھی طرح گرم کریں۔

ای زی کریمی مشروم سوپ (4 لوگوں کے لیے)

از نورما ایتھرٹن

اجزاء:

1 اونس خشک کردہ مشروم
1/4 کپ کدوکش کردہ پارمیسن چیز
1 کین (13 اونس) تبخیر شدہ دودھ
3 کپ ابلتا ہوا پانی تقسیم شدہ
1 بڑا چمچہ خشک پیاز
1 گائے کے گوشت کا چوکور ٹکڑا
2 بڑے چمچے کارن اسٹارچ
1/2 کپ خشک اجوائن کے پتّے (تھائم لیوز)
1/8 چائے کا چمچ سیاہ مرچ

ہدایات:

1. مشروم کو ساس پین میں ڈالیں اور 1 کپ اُبلتا ہوا پانی ڈال دیں۔ 10 منٹ تک یا پیکیج میں بتائے گئے وقت تک اسے ایسے ہی چھوڑ دیں۔ مشروم کو ہدایات کے مطابق پروسیس کریں (بعض اوقات آپ کو تنے کو ہٹانے کے لیے کہا جاتا ہے)۔
2. ساس پین کو درمیانی گرمی میں رکھیں اور بچا ہوا پانی اور بیف کا شوربا اور خشک پیازاس میں ڈال دیں۔ اس میں اُبال لائیں، اور اس کے بعد 5 منٹوں تک ہلکی آنچ پر رکھیں۔
3. کارن اسٹارچ، سیاہ مرچ، تھائم شامل کریں اور سوپ گاڑھا ہونے تک پکائیں۔
4. تطہیر کردہ دودھ شامل کریں اوردوبارہ اس وقت تک گرم کریں جب تک سوپ کے تقریباً ہلکے جوش پر پہنچنےتک دوبارہ گرم کریں۔ اوپرسے پارمیسن چیز ڈالیں اور پیش کریں۔

مسالہ دار ایشیائی چکن نوڈل سوپ (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ٹرِگس

اجزاء:

2 کین (14-اونس) کین بند چکن شوربا
1 کین (1/2 12-اونس) کین بند چکن، نچوڑا ہوا (یخنی کو محفوظ رکھیں)
2 اونس چاول کا نوڈلس یا چاول کی سوئیاں (پھڈ تھائی)
چھوٹے ٹکڑوں میں توڑی ہوئی
1/4 کپ خشک لہسن
1 بڑا چمچہ خشک کردہ ہری پیازکی پتیاں
1/4 چائے کا چمچ پسی ہوئی ادرک
2 بڑے چمچے اجوائن خراسانی
1/4 بڑاچمچ کچلی ہوئی لال مرچ

ہدایات:

1. ایک درمیانے سائز کی کڑھائی میں شوربے کو کسی اسٹرنو اسٹو یا دیگر حرارت کے وسیلہ پردرمیانی آنچ سے انتہائی آنچ پرابالیں۔
2. چکن، اجوائن خراسانی اورعلیحدہ موجود شوربے کے علاوہ تمام چیزوں کو ملائیں۔ نوڈلس کوسخت ہونے تک یعنی تقریباً 6 منٹوں تک پکائیں۔
3. اسٹرنو کے کین کو جزوی طور پر ڈھانپتے ہوئے آنچ کو کم کریں اور چکن، علیحدہ شوربے اوراجوائن خراسانی کوملائیں۔
4. اچھی طرح گرم کریں۔

سکس کین سوپ (6 لوگوں کے لیے)

از انا پاکولسکا

اجزاء:

2 کین منی سٹرونے سوپ
1 کین ٹماٹرمع سبز مرچ
2 کین رینچ اسٹائل بینس
1 کین چوکور کٹا ہواٹماٹر

ہدایات:

1. تمام اجزا کو ایک ساتھ بغیر کسی مخصوص ترتیب کے ملائیں۔
2. برتن میں گرم کریں اور لطف اٹھائیں۔

واٹ ایور از اِن پینٹری سوپ (5 لوگوں کے لیے)

از نورما ایتھرٹن

اجزاء:

1 (14-اونس) کین چوکور کیا ہوا ٹماٹر بغیرنچوڑا ہوا
1 (11-اونس) کین مکئی، نچوڑی ہوئی
1 (11-اونس) کین سبز بینس، نچوڑی ہوئی
1 (6-اونس) کین کین بند چکن، اگر چاہیں تو
3 کپ سبزیوں کا کوک ٹیل جوس یا ٹماٹر جوس
1/4 چائے کا چمچ لہسن پاوڈر
2 بڑے چمچے لیموں کا رس
1 بڑا چمچ زیتون کا تیل
1 کپ ڈبل روٹی کے تلے ہوئے ٹکڑے، اگر چاہیں تو

ہدایات:

1. ایک بڑے برتن میں، سوائے تلی ہوئی ڈبل روٹی کےتمام اجزاء شامل کریں اور اچھی طرح ملائیں۔
2. سوپ کو پیش کرنے والے درجہ حرارت تک گرم کریں، اور تلی ہوئی ڈبل روٹی کے ساتھ پیش کریں۔

آلو ٹماٹر سوپ (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ٹرگس

اجزاء:

2 (3/4 10-اونس) کین ٹماٹر سوپ
1 (1/2 14-اونس) کین سالم آلو سکھایا اور پیسا ہوا
2 سوپ کین، پانی
1/4 چائے کا چمچ لہسن پاوڈر
1 چائے کا چمچہ خشک سویٹ بیسل

ہدایات:

1. تمام اجزاء کو ایک درمیانی سائز والی ساس پین میں ملائیں۔
2. ہلکی آنچ پر 15 سے 30 منٹوں تک گرم کریں۔

ضروری ڈشیں

چکن پزا (4 لوگوں کے لیے)

از کائے ہیٹمین

اجزاء:

1 (6- اونس) کین بند چکن، سکھایا ہوا
1 (7- اونس) جار بھنی ہوئی لال مرچ، نچوڑی اور قتلے کی ہوئی
1 (14- اونس) کین چوکور کٹا ہوا ٹماٹر، پانی نتھارا ہوا
1/4 کپ کدوکش کردہ پارمیسن چیز
1(15- اونس) کین دوبارہ تلا ہوا بینس
1 پہلے سے تیار کردہ پزا روٹی
2 بڑے چمچے سفید سرکہ
1/2 کپ خشک کیا ہوا اوریگانو
1/2 کپ خشک تھائم
نمک اورسیاہ مرچ، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. ایک درمیانی سائز کی پیالی میں، بینس، سرکہ اوریگانو، تھائم اور حسب ذائقہ نمک اور سیاہ مرچ ملائیں۔
2. بینس کو آمیزے میں تھوڑی سی ہیئت باقی رکھتے ہوئے کچل دیں۔
3. بینس کے آمیزے کو پزا کی روٹی پر پھیلادیں اس کے اوپر چکن، لال مرچ اور ٹماٹر ڈالیں
4. پوری روٹی پر پر پنیر چھڑکیں اور پیش کریں۔

میرینیٹ کیے ہوئے کابلی چنے (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ ریبر

اجزاء:

1 (15 - اونس) کین کابلی چنے (چک پیس)، پانی نتھارا ہوا
1 جار بھونی ہوئی لال شملہ مرچ، قتلے کی ہوئی
1/2 کپ کشمش
1/2 کپ پانی خشک کی ہوئی پیاز
4 بڑے چمچے زیتون کا تیل
1 خشک اجوائن خراسانی (پارسلے)
1/4 کپ سیاہ زیتون (اختیاری)
نمک اور سیاہ مرچ

ہدایات:

1. تمام اجزاء کو ایک ساتھ ملائیں۔
2. ایک طرف رکھ دیں تقریباً 10 منٹوں تک میرینیٹ ہونے دیں۔
3. پیٹا بریڈ یا مکئی والی چپس کے ساتھ پیش کریں۔

کوسکوساپنڈ کلامس (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ ریبر

اجزاء:

1 کپ کوسکوس
2 (8- اونس) کین کٹی ہوئی کلامس، پانی نتھاری ہوئی
2 بڑے چمچے پانی خشک کردہ پیاز
2 چائے کے چمچے خشک اجوائن خراسانی
1 بڑا چمچہ لیموں کا رس
1 1/4 کپ انتہائی گرم پانی
1/4 چائے کا چمچ لہسن پاوڈر
4 بڑے چمچے زیتون کا تیل

ہدایات:

1. کوسکوس کو ایک پیالی میں ڈالیں، اور گرم نل کا پانی اس میں ملائیں، اسے ڈھانک دیں اور 10 منٹ تک بھیگا رہنے دیں۔ اور کانٹے کی مد د سے اس کو نرم کریں
2. تمام اجزاء کو ملائیں اور پیاز کو چند منٹوں کے لیے دوبارہ نم ہونے دیں۔
3. کلام کے آمیزے کو کوسکوس میں ڈالیں اور پیش کریں۔

چکن اور سفید بینس (4 لوگوں کے لیے)

ازمارگریٹ ریبر

اجزاء:

1 (15-اونس) کین کینالینی یا دیگر سفید بینس، پانی نتھاری ہوئی
2 (14- اونس) کین چکن
4 اجوائن خراسانی (پارسلے) کی ڈالیاں، کٹی ہوئی
2 تورئی، ٹکڑے کی ہوئی
1/3 کپ خشک ٹماٹر ٹکڑے کئے ہوئے
1 لہسن کی درمیانی سائز کی پوتھی
1/4 کپ سفید سرکہ
6 بڑے چمچے نارنگی کا رس
5 بڑے چمچے زیتون کا تیل
2 بڑے چمچے خشک تلسی (بیسل)
1 کپ ڈائیجون سرسوں (یا 1 ایک الگ پیکیٹ)
نمک اورسیاہ مرچ، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. تیل، نارنگی کے رس، سرکہ، اور سرسوں کو نرم ہونے تک ایک کانٹے کی مدد سے ملائیں۔
2. چکن، بینس، اور سبزیوں کو شامل کریں۔
3. 20 منٹ تک یا ذائقہ کے اجزا کے آپس میں اچھی طرح مل جانے تک یوں ہی چھوڑ دیں۔
4. نمک، کالی مرچ اورتلسی چھڑکیں۔

کوسکوس پر پودینے والی سفید بینس

(4 لوگوں کے لیے) *از مارگریٹ ریبر*

اجزاء:

1 کپ کوسکوس
1 1/4 کپ انتہائی گرم پانی
1 (1/2 15- اونس) کین سفید بینس، پانی نتھاری ہوئی
1 (15- اونس) کین چوکور کٹا ہوا ٹماٹر، پانی نتھارا ہوا
1/2 چھوٹی پیاز، باریک پسی ہوئی
1/4 کپ تازہ پودینے کے پتے
1/4 کپ بھنے ہوئے بادام، کٹے ہوئے
1 چائے کاچمچ لیموں کا رس
2 بڑے چمچے زیتون کا تیل
نمک اور سیاہ مرچ

ہدایات:

1. کوسکوس کو ایک درمیانی سائز کے پیالے میں رکھیں، اوپر سے گرم پانی ڈالیں، اور 5 تا 10 منٹوں تک بیٹھ جانے دیں۔ اور کانٹے کی مد د سے اس کو نرم کریں
2. بینس، لیموں کا رس، 1 بڑا چمچ تیل اور چٹکی بھر نمک اور سیاہ مرچ اس میں ملائیں۔
3. ٹماٹر، پیاز، پودینہ، چٹکی بھر نمک اور سیاہ مرچ اور بقیہ تیل ایک علیحدہ پیالے میں ملائیں۔
4. کوسکوس کوایک بڑی تھالی میں ڈالیں، اس کے اوپر ٹماٹر کے آمیزے کو ڈالیں اوربادام کے ٹکڑے چھڑکیں۔

کریمی ڈل ساس میں سامن پاستہ

(4 لوگوں کے لیے) *از لنڈسے روشیل*

اجزاء:

10 اونس انسٹینٹ پاستہ
2 (7- اونس) کین پریمیئم پنک سامن، پانی نتھارا ہوا
1 کپ کریم یا تطہیر شدہ دودھ
2 بڑے چمچے لیموں کا رس
1 1/2 بڑے چمچ ڈِل
1 بڑا چمچہ شکر
1/2 بڑا چمچ نمک
سیاہ مرچ

ہدایات:

1. پاستہ کو پانی میں ڈبو دیں اور تقریباً 15 منٹوں تک دوبارہ مستحکم ہونے دیں۔
2. پانی خالی کریں اور پیش کرنے کی پیالی میں ڈال دیں۔
3. ایک درمیانی سائز کے پیالے میں، کریم یا دودھ، لیموں کا رس، ڈل یعنی سویا، نمک اور شکرڈال کر اچھی طرح حل ہونے تک بلینڈ کریں۔
4. نارنجی رنگ ڈال کر پوری طرح رنگ پکڑنے تک گھمائیں۔
5. پاستہ پر ساس ڈالیں سیاہ مرچ کا پاوڈر چھڑکیں۔

جھینگا پاستہ (4 لوگوں کے لیے)

از مارگریٹ ریبر

اجزاء:

1 (8 - اونس) پیکیج انسٹینٹ پاستہ
2 (4- اونس) کین چھوٹے جھینگے، پانی نتھارے ہوئے
1/3 کپ اجوائن خراسانی ٹکڑے کیے ہوئے
1 کپ خشک کیا ہوا پیاز
1 بڑا چمچہ لیموں کا رس
2 چائے کے چمچے خشک ڈل (یا 2 برے چمچے تازہ)
2/3 کپ میؤنیز (10 انفرادی پیکیٹ)
1 علیحدہ پیکیٹ سرسوں
1 ٹماٹر ٹکڑے کئے ہوئے(اختیاری)
نمک اورسیاہ مرچ، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. انسٹینٹ پاستہ کو ایک پیالے میں ڈالیں، اور اس کو گرم پانی میں ڈبوئے رکھیں۔ 8 تا 12 منٹ تک اصلی حالت میں واپس آنے کے لیے چھوڑدیں۔ نچوڑیں اور علیحدہ رکھیں ۔
2. دیگر تمام اجزاء کو ملائیں اور تقریباً 15 منٹوں تک چھوڑدیں تاکہ پیاز دوبارہ نم ہو جائے۔
3. جھینگے کی آمیزش کو پاستہ کے ساتھ اچھالیں اور پیش کرنے سے قبل مزید 5 منٹ چھوڑدیں۔

مزیدارکابلی چنے (چک پیز) (4 لوگوں کے لیے)

از ورشا وکیل جج کا سلوراسٹار ایوارڈ یافتہ*

اجزاء:

3 (15- اونس) کین چک پیز، (گربانزو بینس)
1 تھیلی ٹورٹیلا چپس (بیک کی ہوئی)
1/2 کپ اخروٹ
1/2 کپ کشمش
1 کین کالا زیتون
1/2 کپ کٹا ہوا بادام، (اختیاری)
2 بڑے چمچے زیتون کا تیل
1 تا 2 بڑا چمچ بوتل والا لیموں یا لائم کا رس
2 چائے کی چمچی سرخ مرچ کا پاوڈر
1/2 چائےکا چمچ اوریگانو اور/یا تھائم
1/2 کپ خشک اجوائن خراسانی (پارسلے)
2 چائے کی چمچی چاٹ مسالہ (اختیاری)
نمک اور سیاہ مرچ

ہدایات:

1. چک پیز اور زیتون سے پانی علیحدہ کریں، اور ان کو کاغذی تولیہ سے خشک کریں۔
2. ایک بڑے پیالہ میں چک پیز، زیتون، لیموں یا لائم کا رس، زیتون کا تیل، خشک جڑی بوٹیاں، نمک، مرچ اور مسالہ ڈالیں۔
3. ہرایک میں مسالہ کو مساوی تقسیم کرنے کے لئے ملائیں۔
4. کشمش اور دیگر گری دار مغز کو پیالہ میں موجود چک پیز میں ڈالیں اور ملائیں۔
5. گھر والوں اور دوستوں کو ایک لذیذ، پروٹین سے بھرپور، ذائقہ دار ڈش پیش کرنے کے لیے چک پیز کو ٹورٹیلاس کے ساتھ پیش کریں۔

ٹونا پانزینیلا (4 کے لیے)

از مارگریٹ ربیر

اجزاء:

4 کپ ایک دن پرانا بریڈ، بڑے ٹکڑوں میں کٹا ہوا
1 کین (5 -اونس) پانی کے ساتھ پیک کی ہوئی ٹونا مچھلی، پانی نتھاری ہوئی
1 (15- اونس) کین چوکور کٹا ہوا ٹماٹر، پانی نتھارا ہوا
1/3 کپ کلامیٹا زیتون
1/2 پیاز، باریک کٹی ہوئی
2 یا 3 بڑے چمچے ریڈ وائن سرکہ
1/2 کپ زیتون کا تیل
1 1/2 چائے کا چمچ خشک تلسی (بیسل)
نمک اورسیاہ مرچ، حسب ذائقہ

ہدایات:

1. زیتون کے تیل، سرکہ، تلسی، نمک اور مرچ کو ایک ساتھ ملائیں اور کانٹے کی مد سے چلائیں۔
2. ٹونا مچھلی، بریڈ، تماٹر، پیاز، زیتون کو ایک پیش کرنے والے پیالے میں رکھیں اور تیل کی آمیزش کے ساتھ اسے اچھالیں۔ فوراً کھانے کے لیے پیش کریں۔

بیف بریٹو فلنگ (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ٹرِگس

اجزاء:

1 (15- اونس) کین بھنا ہوا گائے کا گوشت قتلے کیا ہوا
1 (8- اونس) کین ٹماٹر ساس
1 بڑا چمچہ خشک پیاز
1 بڑا چمچ خشک سبز مرچ
1 بڑا چمچ مرچ پاوڈر

ہدایات:

1. ایک درمیانے سائز کی کڑھائی میں گائے کے گوشت کے قتلوں کو کسی اسٹرنو اسٹو یا دیگر حرارت کے وسیلہ پردرمیانی آنچ سے انتہائی آنچ پرپکائیں۔
2. بقیہ اجزاء کو شامل کریں اسٹرنو کے کین کے ڈھکن کو کھولتے ہوئےآنچ کو کم کرکےدرمیانی درجہ پر لائیں۔
3. 10 منٹوں تک پکائیں،، سبزی کے خشک اور گاڑھا ہونے تک وقفہ وقفہ سےچلائیں۔
4. بریٹوس، ٹیکوس، نیکوس یا کویسا ڈیلاس میں استعمال کریں۔ 8، 6 انچ ٹورٹیلاس بھرا جا سکتا ہے۔

میکسیکن بینس اور چکن (4 لوگوں کے لیے)

از چیرل ٹرِگس

اجزاء:

1 (3/4 10 - اونس) کینکنڈینسڈ چیڈر چیزسوپ
1 (1/4 15- اونس) کین سالم مکئی نچوڑے بغیر
1 (5- اونس) کین چکن، نتھارا ہوا اورلچھے کیا ہوا
2 (15- اونس) کین پنٹو بینس، دھو کر نتھارا ہوا
1 چائے کا چمچ مرچ پاوڈر، یاحسب ذائقہ
اجوائن خراسانی کے لچھے

ہدایات:

1. ایک بڑےساس پین میں، سوپ اورمکئی ملائیں۔
2. چکن، بینس، اورمرچ پاوڈر کو اس میں ملائیں۔
3. ایک اسٹرنو اسٹو یا حرارت کے دیگر وسیلہ پر بہت ہی ہلکی آنچ پر اچھی طرح گرم کریں۔
4. پیش کرنے سے قبل خراسانی اجوائن کے فلیکس چھڑکیں۔

لینٹل اورگائے کے گوشت کی کری (4 لوگوں کے لیے)

از ایونیس سانتوس

اجزاء:

1 کپ بیف جرکی، چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کٹے ہوئے
2 کین سبزیاں (جیسےمشروم، پیاز، اورگاجر)
2 کین سبز لینٹلس
1 (6- اونس) پیکیج سیوئیاں، رائس نوڈلس یا اینجل ہیر پاستہ
1/2 کپ کشمش
2 کیوب بیف بویلون
4 بڑا چمچ لہسن پاوڈر
2 بڑا چمچ کری پاوڈر
4 کپ بوتل والا پانی

ہدایات:

1. سوائے پاستہ کے تمام اجزاء کو ایک برتن میں رکھیں اور اُبالنے کے لیے چولہے پر رکھ دیں۔
2. ڈھانکیں اور آنچ سے ہٹائیں۔
